سوال

(436)اگر مؤنث ہو توکون سی ضمیر پڑھیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جنازہ کی دعامیں بعض جگہ مذکر کی ضمیریں ہیں اور بعض جگہ مؤنث ، اگر میت مذکر ہو توکون سی ضمیر پڑھیں اوراگر مؤنث ہو توکون سی ضمیر پڑھیں ؟ (محمد صدیق ، ضلع ایبٹ آباد)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تمام ضمیریں مذکر، تمام ضمیریں مؤنث اورکچھ ضمائرمذکر، کچھ مؤنث تینوں صورتیں درست ہیں ۔

[((فللرجل المتبع للسنة أنہ یدعو بھٰذہ الأَلفاظ الواردة فی ھٰذہ الأَحادیث سواء کان المیت ذکرا او انثٰی ولا یحول الضمائر المذکرة إلی صیغة التانیث اذا کان المیت أنثٰی لأن مرجعھا المیت وھو یقال علی الذکروالأنثٰی))

’’سنت کی پیروی کرنے والے آدمی کے لیے ضروری ہے کہ وہی دعا پڑھے جوأحادیث میں آئی ہے ۔ میت مذکر ہویا مؤنث اورمذکر کی ضمیریں مؤنث کی طرف نہ تبدیل کرے ، جب میت عورت ہو کیونکہ ضمیروں کا مرجع میت ہے اوروہ مذکرو مؤنث دونوں پر بولا جاتا ہے ۔‘‘]1 ١١ ٤ ١٤٢٤ھ

1 عون المعبود کتاب الجنائز باب الدعاء للمیت

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص364

محدث فتویٰ